© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**تین دن بغداد میں** | مصنف: حکیم محمد سعید ۔ ناشر: نونہال ادب، ہمدرد فاؤنڈیشن کراچی ۔ صفحات: ۸۸ قیمت: -/۱۲ روپے

یہ ایک بہت خوب صورت اور مفید کتاب ہے۔ جو حکیم محمد سعید صاحب نے بچوں کے لیے لکھی ہے۔ جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہوتا ہے انہوں نے اس میں سفر بغداد کے واقعات درج کیے ہیں۔ لیکن ضمناً ایسی بے شمار باتیں لکھ دی ہیں جن سے بچوں کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک کامیاب زندگی بسر کرنے کے لیے کیا کچھ کرنا چاہیے۔ کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے عمدہ اطوار اور بہترین خیالات کے حوالے سے حکیم صاحب کی ایسی پیاری شخصیت ابھرتی ہے کہ بچے اسے اپنے لیے اعلیٰ نمونہ قرار دے سکتے ہیں۔ اپنے دین سے گہری محبت، علم حاصل کرنے اور علم پھیلانے کی لگن، محنت کی عادت اور حُبّ الوطنی وغیرہ ایسی صفات ہیں جن کی وافر جھلکیاں اس مختصر کتاب میں ملتی ہیں۔ انداز بیان آسان اور ایسا خوب صورت ہے کہ خواجہ حسن نظامی کے روزنامچے کی یاد تازہ ہوتی ہے۔

کتاب میں اگر کسی کمی کا احساس ہوا تو وہ یہ ہے کہ اس میں بغداد کے حالات بس برائے وزن بیت ہی ہیں۔ جب کہ ضرورت اس بات کی تھی کہ زیادہ باتیں اس تاریخی شہر اور اس بڑے اسلامی ملک کے بارے میں بتائی جاتیں۔ ص ۳۷ سے ص ۵۳ تک ۱۷ صفحات الٰہ دین کی معروف کہانی کی نذر کر دیے گئے ہیں۔ تاہم اپنی موجودہ حالت میں بھی کتاب بچوں کے لیے بہت مفید ہے۔ اس کا ظاہری حسن بھی قابل تعریف ہے۔ سرورق دیدہ زیب، کتابت و طباعت اچھی ہے۔ اور چار صفحات کی رنگین تصاویر

© rasailojaraid.com